ٹائپ روشن اور جلی قیمت 50/م پتہ : ادارۂ ثقافت اسلامیہ ۔ کلب روڈ ۔ لاہور

حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کی تصنیفات میں ایک رسالہ "فیصلہ در وحدت الوجود و شہود" کے نام سے بھی ہے جو عام طور پر مکتوب مدنی کے نام سے معروف ہے ۔ یہ رسالہ درحقیقت کسی کے نام ایک خط ہے جس میں سائل کے سوالات کے جواب میں شیخ اکبر کے نظریۂ وحدت الوجود اور حضرت مجدد سرہندی کے نظریۂ وحدت الشہود پر مفصل تحقیقی اور تجزیاتی گفتگو کرنے کے بعد ان دونوں میں تطبیق و توفیق کی سعی کی گئی ہے ۔ رسالہ دقیق، غامض اور غور و توجہ سے پڑھنے کے لائق ہے اور صرف ارباب فن ہی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں ۔ اصل رسالہ فارسی میں ہے ۔ یہ اس کا شگفتہ اور دلچسپ و رواں اردو ترجمہ ہے لیکن بس صرف ترجمہ ۔ یعنی نہ کہیں حاشیہ، نہ کوئی توضیح اور نہ پیش لفظ ۔ چنانچہ کہیں اس کا مذکور ہی نہیں کہ یہ خط شاہ صاحب نے کب اور کس کو لکھا ؟ اور کہاں سے لکھا ؟ اسے مکتوب مدنی کیوں کہتے ہیں ؟ وغیرہ وغیرہ ۔

آتھیلو از سجاد ظہیر صاحب ۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۶۸ صفحات ۔ کتابت و طباعت بہتر ۔ قیمت پانچ روپیہ ۔ پتہ : ساہتیہ اکادمی نئی دہلی

آتھیلو شیکسپیر کا مشہور ڈرامہ ہے جو ایک بڑی المناک ٹریجڈی ہے ۔ اس کا پلاٹ تو وہی عشق و محبت، سازشیں اور رقابتیں، بدگمانیاں، خودکشی اور پشیمانی ۔ لیکن شیکسپیر کی کردار نگاری، نفسیاتی تجزیہ اور حسن و زور بیان نے ڈرامہ کو انگریزی ادب کا ایک عظیم شاہکار اور عالمگیر شہرت و عظمت کا حامل بنا دیا ہے ۔ اس نوع کے ادبی شاہکار کو اردو میں منتقل کرنا آسان نہیں ۔ لائق مترجم اس میدان کے پختہ کار شہسوار ہیں اس لئے ترجمہ صاف سپاٹ اور سلیس ہے لیکن اگر اسے اصل کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے تو اصل اور ترجمہ، انگریزی اور اردو دونوں کا فرق صاف ظاہر ہوتا ہے ۔ عبارت متعدد مواقع پر گنجلک اور غیر مربوط بھی ہو گئی ہے ۔